شاہد عزیز

انعامی کوئز پروگرام

جامعہ لاہور الاسلامیہ میں گزشتہ دنوں بتاریخ 16 دسمبر بروز بدھ سال کے آخری اسبوعی بزم ادب میں ثانیہ کلیہ کی طرف سے ایک کوئز پروگرام تشکیل دیا گیا۔ جس میں موضوع کے اعتبار سے تین مرحلے تھے

1۔ معلومات قرآن

2۔ معلومات سیرۃ النبی ﷺ

3۔ معلومات سائنس

یہ پروگرام محض طلباء کی مخفی صالح صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور ان میں خود اعتمادی پیدا کرنے کی غرض سے منعقد کیا گیا تھا۔ پروگرام کو مزید چار چاند لگانے کیلئے علمی اور فکری بصیرت رکھنے والی شخصیات کو مدعو کیا گیا۔ جس میں محترم المقام جناب عبد الرشید خلیق صاحب مہمان خصوصی تھے اور صدر مجلس جناب مدیر الجامعہ حافظ عبد الرحمن مدنی صاحب تھے۔ اور یہ پروگرام ہمارے مشفق ناظم الجامعہ محمد شفیق صاحب کے زیر سرپرستی بطریق احسن مکمل ہوا۔ عبد الوحید صاحب (ثانیہ کلیہ) اس پروگرام کے اسٹیج سیکرٹری تھے۔ علاوہ ازیں ثانیہ کلیہ کی طرف سے اس پروگرام میں مختلف زبانوں میں تقاریر کرنے کا بھی اہتمام کیا گیا۔ مثلاً انگلش، عربی، اردو، پنجابی اور سرائیکی جس سے طلباء کے اندر ایک نیا ولولہ اور شوق دیکھنے میں آیا۔ بہرصورت پروگرام بعد نماز عشاء بڑے ہال میں شروع ہوا ثانیہ کلیہ والوں نے بہت اچھے انتظامات کیے جس سے معلوم ہو رہا تھا کہ یہ ایک باوقار اور قابل تحسین محفل ہے کوئز پروگرام کے پہلے (معلومات قرآن) میں حصہ لینے والے طلباء کی تعداد 4 تھی ان کے نام یہ ہیں (قاری

عبد الوکیل، محمد سعید، عبد اللہ شاکر اور محمد طارق) دوسرے مرحلے (معلومات سیرۃ النبی ﷺ) میں حصہ لینے والے طلباء کی تعداد بھی 4 تھی ان کے نام یہ ہیں (محمد نعیم صدیقی، احسان اللہ قمر، محمد اسلم اور محمد امجد) تیسرے مرحلے (معلومات سائنس) میں حصہ لینے والے طلباء کی تعداد 3 تھی اور ان کے نام یہ ہیں - (جاوید اقبال، سعد محمود، عبد الرزاق) بزم ادب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا اور یہ شرف قاری حسان صاحب میر محمدی کو بخشا گیا۔ اس کے بعد ایک نظم قاری عبد الحنان صاحب (ثانیہ ثانوی) نے پڑھی اس کے بعد رشدو ہدایت کے موضوع پر محمد اجمل بھٹی (ثانیہ کلیہ) نے انگریزی میں تقریر کی۔ اور اس کا ترجمہ ساتھ ساتھ حافظ صہیب احمد نے کیا۔ بعد ازاں کوئز پروگرام کا آغاز ہوا اور سب سے پہلے معلومات قرآن گروپ سے حافظ صہیب صاحب (ثانیہ کلیہ) نے جس میں کل تین راؤنڈ تھے ہر راؤنڈ میں چار سوالات تھے کل بارہ سوال ہوئے جن میں سے صرف تین غلطیوں کی گنجائش تھی۔ اس کے بعد سیرۃ النبی ﷺ گروپ سے سیرۃ النبی ﷺ کے بارے میں شاہد عزیز صاحب نے سوالات کیے گئے اس میں بھی ہر طالب علم سے بارہ سوال کیے اور پھر معلومات سائنس گروپ سے سوالات ہوئے۔ جو حافظ صہیب صاحب نے کیے۔اس میں بھی ہر ایک سے بارہ سوال کیے گئے۔ پھر مزید دلچسپی پیدا کرنے کے لئے اور مجلس کی چاشنی change دو طلباء کو بلا کر آئس کریم کھانے کا مقابلہ ہوا اور اسی طرح سوئی میں دھاگہ ڈالنے کا مقابلہ بھی ہوا اور اسی طرح ہی فی البدیہہ ایک لڑکے کو بلا کر اسکے قد کے بارے میں پوچھا گیا جو مزید تفریح کا سبب بنا آخر میں شاہد عزیز نے سامعین سے فردا فردا چھوٹے چھوٹے سوالات کیے اور نقد انعام دیے گئے اس کے بعد حافظ صہیب صاحب (ثانیہ کلیہ) نے (محسن انسانیت) کے موضوع پر عربی میں تقریر کی پھر خالد سردار نے (پردہ) کے موضوع پر پنجابی میں تقریر کی۔

بعد ازاں صدر مجلس حافظ عبد الرحمان مدنی نے اپنے خیالات کا اظہار فرمایا جس میں